URDU

معلومات عامہ

گھرکے افراد کا کئی زبانوں میں بات چیت کرنا

کیا آپ کا بچہ کئی زبانیں بولنے والے گھر میں پل بڑھ رہا ہے؟ اگر جواب مثبت ہے تو پھر آپ کو دلی مبارک باد: پھر تو آپ اسے خاص مواقع فراہم کر رہے ہیں!

کئی ایک زبانیں بولنے والے ماحول میں عام طور پر بچے بغیر کسی اضافی کوشش کے آسانی سے دوسری زبان بھی سیکھ لیتے ہیں۔آپ بھی اس دوران اپنے بچے کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔

گھر کے افراد کا آپس میں کئی زبانوں میں بات چیت کرنا

URDU

والدین کی مادری زبان! _ کون سی زبان گھر پر بولی جانی چاہیے؟

اکثر و بیشتر یہ درست ہے، کہ اگر ماں باپ یا دوسرے گھر کے افراد سبھی اس زبان میں بچے سے بات کریں ، جس میں کہ وہ مرد یا عورت خود اپنے آپ کو موزوں اور پرسکون محسوس کرے۔ زیادہ تر یہ آپ کی اپنی مادری زبان ہی ہوتی ہے۔ بچوں کو آپ کو اپنی مادری زبان کے لیے نمونہ کے طور پر لینا ہو گا ، تاکہ وہ موزوں طریقہ سے آپ کی زبان پر عبور حاصل کر سکے۔ اسی دوران اس کے لیے مذید زبانیں سیکھنے کے لیے بھی اچھے حالات دستیاب ہوں گے۔

بچے اپنی زبانیں مکس کرتے ہیں اور ان کو تبدیل کرتے ہیں!

یہ بات بھی غیر معمولی نہیں ہے کہ بچے، جو نئی زبان سیکھنا شروع کرتے ہیں، وہ ابتدا میں کچھ غلطیاں کرتے ہیں ۔اکثر ان غلطیوں سے پتہ چلتا ہے کہ بچے جرمن زبان کے لیے درست راستہ پر ہیں: وہ جرمن زبان میں مثال کے طور پر فقرہ میں حرف تنکیر کو ساتھ نہیں بولتے
(”gib mir Blatt,, کی بجائے,,gib mir das Blatt”)
یا وہ حرف ربط میں غلطیاں کرتے ہیں
(”bei Baum,, کی بجائے ,,auf dem Baum”).
اکثر کثیر زبانیں بولنے والے بچے کچھ دیر تک اپنی دونوں زبانیں مکس کرتے ہیں مثال کے طور پر ,,یہ میری Ball ہے جو کہ زبان کی صلاحیت میں اضافہ کی علامت ہے۔
اگر آپ کے کوئی شبہات ہیں یا آپ کچھ مذیدمعلوم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کنڈر گارڈن کے مددگار مردو خواتین افراد یا اپنے بچے کے ڈاکٹر سے مدد اور مشورہ طلب کر سکتے ہیں۔

باقاعدگی سے بچے کی دن بھر کی نرسری میں دیکھ بھال سے بچے کو جرمن زبان سیکھنے میں مدد ملتی ہے!

آپ فکر مند نہ ہوں، اگر آپ کا بچہ نرسری میں داخلہ کے وقت ابھی جرمن زبان مکمل طور پر نہیں بول سکتا ہے۔آپ اس کے با وجود اپنے بچے کے ساتھ اپنی مادری زبان میں ہی بات چیت کرتے رہیں۔
وہ جرمن زبان نرسری میں دیکھ بھال کرنے والے مردو خواتین افراد اور دوسرے بچوں سے رابطہ کے دوران سیکھتا رہے گا۔ اس کی کامیابی کے لیے لازم ہے کہ آپ کا بچہ باقاعدگی سے نرسری میں آتا رہے۔ جس قدر زیادہ آپ کا بچہ جرمن بولنے مثال کے طور پر نرسری میں یا کھیل – والے بچوں کے ساتھ
کود کی جگہ پر یا پھر جمناسکس کلب میں بھی کھیل کود میں مشغول ہو گا، اس قدر زیادہ تیزی سے وہ قدرتی طور پر جرمن زبان سیکھ جائے گا۔

زبانیں تفریح کا سامان پیدا کرتی ہیں!

آپ اپنے بچے کے ساتھ بہت زیادہ بات چیت کریں اور اپنے بچے کے اپنے تجرابات کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اسے کہانیاں سنائیں، کتب پڑھ کر سنائیں اور ان کے ساتھ مل کر کھیل کود میں وقت گذاریں۔
اس بات سے قطع نظر کہ آپ کونسی زبان منتخب کرتے ہیں، مگر آپ اس طرح سے اپنے بچے کو مثبت خیالات کی طرف مگن کرتے ہیں، آپ اپنے بیتے وقت اور تجربات کو اپنی زبان کے ساتھ یکجا کرتے ہیں اور آپ اس طرح اپنی زبان کی ترقی میں مدد کرتے ہیں۔

میرا بچہ اچانک صرف جرمن زبان ہی بولنے لگا!

کچھ گھرانے یہ بتاتے ہیں کہ کچھ ایسے لمحات آتے ہیں ، جب کہ بچے صرف جرمن زبان میں ہی بات کرتے ہیں اور اپنی مادری زبان میں بات کرنا بند کر دیتے ہیں۔ اس پر آپ پریشان نہ ہوں۔ آپ لگا تار اپنے بچے سے اپنی زبان میں بات کرتے رہیں۔
یہاں تک کہ بطور سننے والے کے آپ کا بچہ آپ کی زبان میں مذید ترقی کر جائے اور بعد میں دوبارہ یقینی طور پر آپ سے بات چیت کر سکے گا۔

کثیر زبانوں کے ماحول میں پلنے بڑھنے کو بھی ایک موقع جانیے!

آپ اپنے بچے کو کثیر زبانوں کے ماحول میں کسی زبان کے حصول میں مدد کر سکتے ہیں، جس میں کہ آپ اسے موقع فراہم کرتے ہیں کہ وہ مختلف حالات میں ممکنہ طور پر اکثر وبیشتر اپنی زبانوں کا تجربہ کر سکے اور انہیں استعمال میں بھی لا سکے۔ آپ کی مادری زبان اور ثقافت ، بلکہ اس ماحول کی زبان جرمن بھی آپ کے بچے کے لیے بہت اہم ہونا چاہیے۔آپ کے بچے کی تمام زبانوں کے لیے آپ کا تعریفی رویہ بہت ضروری ہے، جس سے آپ کے بچے کو اپنی زبانیں استعمال کرنے کے لیے اور اس کی اپنی مادری زبان اور نئی زبان جرمن میں مہارت کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اس طرح سے آپ اپنے بچے کو کنڈر گارٹن اور اسکول کے لیے اچھی طرح سے تیار کریں۔

LakoS
Landeskompetenzzentrum zur Sprachförderung an Kindertageseinrichtungen in Sachsen

Weitere Informationen finden Sie unter:
www.lakos-sachsen.de

Diese Maßnahme wird mitfinanziert durch Steuermittel auf der Grundlage des vom Sächsischen Landtag beschlossenen Haushaltes.

SACHSEN